بسم اللہ الرحمن الرحیم

صابن ناپاک ہوجائے تو اس کو پاک کرنے کا طریقہ

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

اگر صابن نجاست غلیظہ میں گر جائے، تو کیا اسے دھو کر دوبارہ استعمال کیا جاسکتا ہے؟

جواب

اگر صابن نجاست لگنے سے ناپاک ہوجائے، تو اس کو اچھی طرح دھو کر نجاست اتار لی جائے، تو وہ پاک ہوجاتا ہے، اور اس کے بعد اسے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ حاشیۃ الطحطاوی علی مراقی الفلاح میں ہے "من هذا الفرع يعلم حكم الصابون إذا تنجس فإنه إذا غسل زالت النجاسة المجاورة وبقي طاهرا" ترجمہ: اس فرع (جزئیے) سے ناپاک ہوجانے والے صابن کا حکم معلوم ہوجاتا ہے، کہ جب اسے دھولیا جائے گا، تو (اس کی سطح پر) لگی ہوئی نجاست اتر جائے گی، اور وہ پاک ہوجائے گا۔ (حاشیۃ الطحطاوی علی مراقی الفلاح، صفحہ 160، مطبوعہ: کوئٹہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا احمد سلیم عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-4895

تاریخ اجراء: 15 شوال المکرم 1447ھ/04 اپریل 2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com daruliftaahlesunnat DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net